# زہر کا توڑ

## موسیٰ اور پیتل کا سانپ



*zahr ka toṛ. mūsā aur pītal ka sāṅp*

The Antidote. Moses and the Bronze Snake

by Bakhtullah

[*Zinda Kalam 11*]

(Urdu—Persian script)

© 2026 Chashma Media.

*published and printed by*
GWCS, New Delhi

Bible text is from UGV.

illus. R. Gunther https://www.freebibleimages.org/illustrations/rg-moses-snake/

*for enquiries or to request more copies:*
askandanswer786@gmail.com

# فہرست

توریت، گنتی 21:4-9 7



مصر سے نکل کر اسرائیلیوں کے لئے ایمان کا سفر شروع ہوا۔ وہ سینا پہاڑ پر پہنچ گئے جہاں اُنہیں خدا کی راہ بتائی گئی۔ وہاں اُنہیں سیکھنا پڑا کہ خدا وفاداری چاہتا ہے۔ اِس کے بعد وہ ریگستان میں گھومتے رہے۔ اِتنے گھومتے رہے کہ بے صبر ہو گئے۔ تب وہ خدا اور موسیٰ کے خلاف باتیں کرنے لگے،

آپ ہمیں مصر سے نکال کر ریگستان میں مرنے کے لئے کیوں لے آئے ہیں؟ یہاں نہ روٹی دست یاب ہے نہ پانی۔ ہمیں اِس گھٹیا قسم کی خوراک سے گھن آتی ہے۔



تب رب نے اُن کے درمیان زہریلے سانپ بھیج دیئے جن کے کاٹنے سے بہت سے لوگ مر گئے۔






پھر وہ موسیٰ کے پاس آئے۔ اُنھوں نے کہا،

> ہم نے رب اور آپ کے خلاف باتیں کرتے ہوئے گناہ کیا۔
> ہماری سفارش کریں کہ رب ہم سے سانپ دُور کر دے۔



موسیٰ نے اُن کے لئے دعا کی تو خدا نے فرمایا،

> ایک سانپ بنا کر اُسے کھمبے سے لٹکا دے۔ جو بھی ڈسا گیا ہو وہ اُسے دیکھ کر بچ جائے گا۔



اِس پر موسیٰ نے پیتل کا ایک سانپ بنایا اور کھمبا کھڑا کرکے سانپ کو اُس سے لٹکا دیا۔ اور ایسا ہوا کہ جب بھی ڈسا گیا تھا وہ پیتل کے سانپ پر نظر کرکے بچ گیا۔

صدیوں بعد عیسیٰ مسیح نے اِس واقعے کا ذکر کرکے فرمایا،

> جس طرح موسیٰ نے ریگستان میں سانپ کو لکڑی پر لٹکا کر اونچا کر دیا اُسی طرح ضرور ہے کہ ابنِ آدم کو بھی اونچے پر چڑھایا جائے، تاکہ ہر ایک کو جو اُس پر ایمان لائے گا ابدی زندگی مل جائے۔ (انجیل، یوحنا 3:14-15)

◄ ابنِ آدم کون تھا؟

عیسیٰ مسیح ابنِ آدم تھا۔

◄ کیا ضرور تھا؟

ضرور تھا کہ ابنِ آدم کو بھی اونچے پر چڑھایا جائے۔

◄ عیسیٰ مسیح کو کس طرح اونچے پر چڑھایا جائے گا؟

اُسے صلیب پر چڑھایا جائے گا۔

◄ کیا عیسیٰ مسیح اِس صلیبی موت سے بچنا چاہتا تھا؟

نہیں۔ اُس نے خود فرمایا کہ ضرور ہے کہ ابنِ آدم کو چڑھایا جائے۔

◄ یہ کیوں ضرور تھا؟

یہ اِس لئے ضرور تھا کہ ہر ایک جو اُس پر ایمان لائے ابدی زندگی مل جائے۔



- عیسیٰ مسیح کس طرح کھمبے پر لٹکے سانپ کی مانند ہے؟

جس اسرائیلی نے ریگستان میں کھمبے پر لٹکے سانپ پر نظر گڑائے رکھی وہ سانپوں کے زہر سے بچ گیا۔ عیسیٰ مسیح کو بھی کھمبے پر لٹکایا گیا۔ جو عیسیٰ مسیح پر نظر گڑائے رکھتا ہے وہ گناہ کے زہر سے بچ کر ابدی زندگی پاتا ہے۔

- انسان کو عیسیٰ مسیح پر نظر گڑائے رکھنے سے کس طرح ابدی زندگی مل جاتی ہے؟

اپنی صلیبی موت سے عیسیٰ مسیح نے ہماری خاطر اپنی جان دی۔ جو سزا ہمیں ملنی تھی وہ اُس نے برداشت کی۔ اب جو اُس پر نظر گڑائے رکھے اُس کا خدا سے رشتہ بندھ جاتا ہے، وہ خدا کے خاندان کا فرد بن جاتا ہے۔ تب اُس کے گناہوں کو معاف کیا جاتا ہے، اور وہ ابدی زندگی پاتا ہے۔

◄ **کیا ریگستان میں تمام اسرائیلی سانپوں سے بچ گئے؟**

نہیں۔

◄ **کیوں نہیں؟**

صرف وہ بچ گئے جنہوں نے سانپ پر نظر کی۔

◄ **کیا سب کو عیسیٰ مسیح سے نجات ملتی ہے؟**

نہیں۔ صرف وہ بچ کر ابدی زندگی پاتے ہیں جو عیسیٰ مسیح پر نظر گڑائے رکھتے ہیں۔

◄ **کیا آپ گناہ کے زہر سے بچ گئے ہیں؟ کیا آپ خدا کے خاندان کے فرد بن گئے ہیں؟ کیا آپ کو ابدی زندگی حاصل ہے؟**

# توریت، گنتی 21:4-9

ہور پہاڑ سے روانہ ہو کر وہ بحرِ قُلزم کی طرف چل دیئے تاکہ ادوم کے ملک میں سے گزرنا نہ پڑے۔ لیکن چلتے چلتے لوگ بے صبر ہو گئے۔ وہ رب اور موسیٰ کے خلاف باتیں کرنے لگے، "آپ ہمیں مصر سے نکال کر ریگستان میں مرنے کے لئے کیوں لے آئے ہیں؟ یہاں نہ روٹی دست یاب ہے نہ پانی۔ ہمیں اِس گھٹیا قسم کی خوراک سے گھن آتی ہے۔"

تب رب نے اُن کے درمیان زہریلے سانپ بھیج دیئے جن کے کاٹنے سے بہت سے لوگ مر گئے۔ پھر لوگ موسیٰ کے پاس آئے۔ اُنہوں نے کہا، "ہم نے رب اور آپ کے خلاف باتیں کرتے ہوئے گناہ کیا۔ ہماری سفارش کریں کہ رب ہم سے سانپ دُور کر دے۔"

موسیٰ نے اُن کے لئے دعا کی تو رب نے موسیٰ سے کہا، "ایک سانپ بنا کر اُسے کھمبے سے لٹکا دے۔ جو بھی ڈسا گیا ہو وہ اُسے

دیکھ کر بچ جائے گا۔" چنانچہ موسیٰ نے پیتل کا ایک سانپ بنایا اور کھمبا کھڑا کرکے سانپ کو اُس سے لٹکا دیا۔ اور ایسا ہوا کہ جب بھی ڈسا گیا تھا وہ پیتل کے سانپ پر نظر کرکے بچ گیا۔



توریت، گنتی 21:4-9 / 9